***04-10-2023***

***21.15 Hrs***

***HL***

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .......................آفتاب احمد

**Music**

☆ حکومت نے اُجوَلا یوجنا کے مستفیدین کے لیےLPG سبسڈی میں 100 روپے فی سلینڈر کا اضافہ کیا ہے۔

☆ مرکز نے، تلنگانہ اور آندھراپردیش کے درمیان تنازعے کو حل کرنے کے لیے، کرشنا آبی تنازعہ ٹرائبونل دوئم کی، کام کرنے کی شرائط کو منظوری دے دی ہے۔

☆ اینفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے، دلّی ایکسائز پالیسی گھوٹالہ سے متعلق، کالے دھن کو جائز بنانے کے کیس میں، عام آدمی پارٹی کے لیڈر سنجے سنگھ کو گرفتار کیا ہے۔

☆ سِکم میں راحت اور بچاؤ کام جاری ہے۔ یہاں تیستا ندی میں تازہ سیلاب کی وجہ سے بہت سے علاقوں کا رابطہ ٹوٹ گیا ہے۔

☆ کیمیات کے شعبے میں نوبیل انعام، امریکہ میں مقیم، تین سائنسدانوں کو، کوانٹم ڈاٹس کی دریافت اور آمیزش کے صلے میں دیا گیا ہے۔

☆ اور چین میں Hangzhou ایشیائی کھیلوں میں بھارت تمغے جیتنے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ ملک نے ابھی تک کے سب سے زیادہ تمغے جیتے ہیں۔

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

***Cabinet Decision***

سرکار نے اجولا یوجنا مستفیدین کی LPG سبسڈی میں فی سلنڈر 100 روپے کا اضافہ کیا ہے۔ آج نئی دلّی میں میڈیا کو معلومات فراہم کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے کہا کہ مرکزی کابینہ نے ایک اہم فیصلے میں LPG سبسڈی میں اضافے کو منظوری دی ہے۔ انھوں نے کہا کہ پردھان منتری اجولا یوجنا کے مستفیدین کیلئے فی سلنڈر موجودہ 200 روپے کی سبسڈی کو بڑھا کر 300 روپے کر دیا گیا ہے۔

2100- Cabinet Ujjawala-F

جناب ٹھاکر نے بتایا کہ کابینہ نے بین ریاستی دریاؤں کے آبی تنازعہ سے متعلق 1956 کے ایکٹ کے تحت کرشنا آبی تنازعہ ٹرائبونل دوئم کے شرائط کو بھی منظوری دی ہے، جو تلنگانہ اور آندھرا پردیش سے متعلق ہے۔
انھوں نے کہا کہ تنازعہ کے حل سے دونوں ریاستوں کیلئے ترقی کے نئے راستے ہموار ہوں گے۔ انھوں نے مزید کہا کہ سرکار نے تلنگانہ میں Sammakka Sarakka مرکزی قبائلی یونیورسٹی قائم کرنے کیلئے مرکزی یونیورسٹیوں سے متعلق 2009 کے قانون میں ترمیم کی بھی منظوری دی ہے۔

2100- Cabinet- Krishana Water-F

## ***PM Rajasthan Visit***

وزیر اعظم نریندر مودی، کل جودھپور میں سڑک، ریل، شہری ہوا بازی، صحت اور اعلیٰ تعلیم جیسے شعبوں کے تقریباً 5 ہزار کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور قوم کے نام وقف کریں گے۔ وزیر اعظم، آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز جودھپور میں ساڑھے تین سو بستروں والے ٹروما سینٹر اور پردھان منتری آیوشمان بھارت صحت بنیادی ڈھانچہ مشن، PM-ABHIM کے تحت راجستھان میں بنائے جانے والے سات Critical Care اسپتال بلاک کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔
وزیر اعظم، جودھپور ہوائی اڈے پر جدید طرز کے نئے ٹرمنل بلڈنگ کی تعمیر کا بھی سنگ بنیاد رکھیں گے۔ وزیر اعظم IIT جودھپور کیمپس کو بھی قوم کے نام وقف کریں گے۔
جدید طرز کا یہ کیمپس، ایک ہزار 135 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت سے تیار کیا گیا ہے۔ سینٹرل یونیورسٹی آف راجستھان کے بنیادی ڈھانچے کو مزید بہتر کرنے کیلئے وزیر اعظم سینٹرل انسٹرومینٹیشن لیباریٹری، اسٹاف کوارٹرس اور یوگا اور اسپورٹس سائنسز بلڈنگ کو بھی قوم کے نام وقف کریں گے۔
راجستھان میں سڑک بنیادی ڈھانچے کو بہتر کرنے کیلئے جناب مودی، ایک ہزار 475 کروڑ روپے کے کئی سڑک ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ جناب مودی، راجستھان میں دو نئی ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ اِن میں جیسلمیر کو دلّی سے جوڑنے والی Runicha ایکسپریس اور مارواڑ جنکشن کو تھامبلی گھاٹ سے جوڑنے والی ایک نئی ہیرٹیج ٹرین شامل ہے۔
وزیر اعظم، دو اور ریل پروجیکٹوں کو قوم کے نام وقف کریں گے، اِن میں 145 کلو میٹر طویل Degana-Rai Ka Bagh ریل لائن اور 58 کلو میٹر طویل Degana Kuchaman City ریل لائن کو دو لائن والے بنانے کے پروجیکٹ شامل ہیں۔ x

## ***ED Sanjay Singh***

انفورسمنٹ ڈائریکٹریٹ ED نے آج دلّی ایکسائز پالیسی کیس میں عام آدمی پارٹی کے راجیہ سبھا ممبر سنجے سنگھ کو گرفتار کیا ہے۔ قومی راجدھانی میں جناب سنگھ کی رہائش گاہ پر چھاپے کے بعد انھیں گرفتار کیا گیا ہے۔ سنجے سنگھ، آپ پارٹی کے تیسرے لیڈر ہیں، جنھیں اس کیس میں گرفتار کیا گیا ہے۔ اِس سے پہلے آپ لیڈر ستیندر جین اور منیش سسودیا کو دلّی ایکسائز پالیسی کے نفاذ میں بے ضابطگیوں کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا۔ مذکورہ ایکسائز پالیسی اب منسوخ کر دی گئی ہے۔
دلّی BJP کے صدر وریندر سچ دیوا نے اِس پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ جناب سنگھ کی گرفتاری سے یہ بات واضح ہوگئی ہے کہ سچ کو چھپایا نہیں جاسکتا۔ انھوں نے الزام لگایا کہ جناب سنگھ نے دلّی ایکسائز پالیسی کے نفاذ میں رشوت لی تھی۔
ایک اور BJP لیڈر من جندر سنگھ سِرسا نے کہا کہ آپ پارٹی اب اِسے سیاسی انتقام قرار دے رہی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اب یہ لوگ اپنے آپ کو بے قصور بتا کر عوام سے ہمدردی حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

اسی دوران دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال نے بھی اِس پر اپنا ردّ عمل ظاہر کیا اور آپ ممبر پارلیمنٹ سنجے سنگھ کی گرفتاری کو غیر قانونی قرار دیا۔ x

**Rev Sikkim Cloud burst**

سِکم کے Mangan ضلعے میں، Lhonak جھیل کے کچھ حصوں میں، گلیشئر پگھلنے سے آج صبح سویرے تیستا ندی میں پانی کی سطح اونچی ہوگئی، جس کی وجہ سے یہاں سیلاب آگیا ہے۔ پانی کی سطح اونچی ہونے کے سبب ہوئے نقصانات کے بارے میں تازہ جانکاری دیتے ہوئے سِکم کی، قدرتی آفات سے نمٹنے والی ریاستی اتھارٹی نے بتایا ہے کہ پاکیونگ ضلعے میں 59 افراد لاپتہ بتائے گئے ہیں، جن میں 23 فوجی شامل ہیں۔ 5 افراد کے مرنے کی بھی تصدیق ہوئی ہے۔ گندے پانی کو صاف کرنے کے Singtam اور Rangpo پلانٹس کو زبردست نقصان پہنچا ہے۔

مختلف اسکولوں میں راحت کیمپ قائم کیے گئے ہیں۔ یہ کیمپ ماجھی گاؤں ہاؤسنگ کامپلیکس، رنگپو میں سِکم Distilleries، سیاحتی معلومات مرکز اور گولیتر میں نیپالی دھرم شالہ میں قائم کیے گئے ہیں۔

منگن ضلعے میں، تُونگ پُل گر جانے سے چُنگ تھانگ علاقہ الگ تھلگ پڑ گیا ہے۔ چُنگ تھانگ-سِکم اورجا ڈیم، سیلاب کے پانی میں بہہ گیا ہے، جبکہ چُنگ تھانگ قصبے کا 80 فیصد حصہ، کافی زیادہ متاثر ہوا ہے، جہاں پینے کے پانی کی سپلائی میں بھی رکاوٹ آئی ہے۔

منگن ضلعے میں 4 افراد کی موت کی اطلاع ہے، جبکہ 14 افراد لاپتہ بتائے جاتے ہیں۔ ضلعے کے Dzongu خطّے میں رابطے بری طرح متاثر ہوئے ہیں۔ Chandey ، چُنگ تھانگ اور ناگا میں راحت کیمپ قائم کیے گئے ہیں اور یہاں 20 کنبوں کو منتقل کیا گیا ہے۔

گینگ ٹوک ضلعے میں، سنگتم سے آدرش گاؤں اور نامچی ضلعے کو ملانے والی تیستا ندی پر، اِندرینی اور LD قاضی پُل، سیلاب کے پانی میں بہہ گئے ہیں۔ سنگتم اور رنگپو قصبے، بری طرح متاثر ہوئے ہیں۔

SDRF نے 25 لوگوں کی جانیں بچائی ہیں۔ یہاں دِکچو گورنمنٹ سینئر سیکنڈری اسکول، شیروانی گورنمنٹ اسکول، سنگتم سینئر سیکنڈری اسکول، بہاری بھون سنگتم، نیپال بھون سنگتم اور پھلوں کو محفوظ رکھنے والی فیکٹری نیز سِکم سپریم سنگتم میں راحت کیمپ قائم کیے گئے ہیں۔ تقریباً 300 افراد کو سنگتم گورنمنٹ سینئر سیکنڈری اسکول منتقل کیا گیا ہے۔

نامچی ضلعے میں 2 مزدوروں کے، مامرنگ علاقے سے پانی میں بہہ جانے کی اطلاع ہے۔ یہاں نامفِنگ پرنامی مندر، بھاونا ایجوکیشنل انسٹی ٹیوٹ اور Melli میں ہینڈ میڈ پیپر یونٹ میں راحت کیمپ قائم کیے گئے ہیں۔x

**PM Sikkim CM**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج سکم کے وزیراعلیٰ پریم سنگھ تمانگ سے بات کی اور سکم کے کچھ حصوں میں بادل پھٹنے کی وجہ سے سیلاب آنے کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ وزیراعظم نے تمام ممکنہ تعاون کا یقین دلایا اور اِس افسوسناک قدرتی آفات سے متاثرہ لوگوں کے تحفظ اور اُن کی بہتری کے لیے دعا کی۔x

**Rajnath Singh navy**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج نئی دلّی میں بحریہ کے ملک میں ہی تیار کیے جانے والے جدید ترین پروگرام سوا وَلَم بن 2.O کا آغاز کیا۔ اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ سرکار، دفاع کے شعبے میں ملک کو خود کفیل بنانے کیلئے تمام ممکنہ کوششیں کر رہی ہے۔ جناب سنگھ نے مزید کہا کہ بھارت، سرکار کی پالیسیوں کی وجہ سے، اب تحقیق و ترقی کے شعبے میں مشن موڈ کی طرف قدم بڑھا رہا ہے۔

تقریب کے دوران 98 اشیاء کو مقامی بنانے کی پانچویں فہرست بھی جاری کی گئی۔

### Nobel Chemistry

کیمیات کے شعبے میں 2023 کا نوبیل انعام، امریکہ میں مقیم تین سائنسدانوں کو دیا گیا ہے۔ یہ انعام ان سائنسدانوں کو اِن کی Quantum Dots کی دریافت اور آمیزش کے صلے میں دیا گیا ہے۔ یہ تین سائنسداں ہیں: فرانس نژاد امریکی ماہرِ کیمیات Moungi G Bawendi، امریکی Louis E Brus اور روس نژاد Alexei Ekimov۔

کوانٹم ڈاٹس وہ انتہائی چھوٹے ذرات ہوتے ہیں، جن کی خاصیتیں اُن کے سائز کی وجہ سے طے ہوتی ہیں۔ کوانٹم ڈاٹس کی دریافت سے QLED ٹیلیویژن اور LED لیمپ کی ٹیکنالوجی میں خاطر خواہ تعاون ملا ہے، جن میں یہ انتہائی چھوٹے ذرات، روشنی کے ساتھ الگ الگ رنگ ظاہر کرنے میں استعمال ہوتے ہیں۔×

### BJP Nadda

بی جے پی کے سربراہ جے پی نڈا نے آج کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے دل لبھانے والے وعدے کرنے اور انتخابات کے بعد اُنہیں بھول جانے کی کانگریس کی حکمرانی میں جاری کلچر کو بدل دیا ہے اور اِس کے بدلے رپورٹ کارڈ پیش کرنے کی سیاست شروع کی ہے۔ آج سہ پہر جے پور میں ایک انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب نڈا نے کہا کہ BJP کے کارکن، خدمت، بہتر حکمرانی اور غریبوں کی بہبود پر یقین رکھتے ہیں۔ بعد میں ریاست کے تمام اضلاع سے صلاح و مشورہ حاصل کرنے کے 51 رتھ کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ x

### Kashmir Encounter

کشمیر وادی کے Kulgam ضلعے کے Kujjar علاقے میں دو مشتبہ دہشت گرد سکیورٹی فورسز کے ساتھ جھڑپ میں مارے گئے۔ پولیس کے ایک ترجمان نے بتایا کہ اس علاقہ میں حفاظتی بندوبست اور سرچ آپریشن جاری ہے۔ تفصیلات کا انتظار ہے۔×

### WB Flood Arlert

مغربی بنگال کے 7 اضلاع میں سیلاب کا الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ احتیاطی اقدام کے طور پر کالم پنگ، دارجلنگ اور جلپائی گوڑی اضلاع میں لوگوں کو محفوظ مقامات پر پہنچایا گیا ہے۔ مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے کہا ہے کہ لوگوں کو محفوظ مقامات تک پہنچانے کیلئے تمام اقدامات کیے جارہے ہیں۔ کولکاتا میں کل رات سے ہی لگاتار بارش ہوئی ہے، گلیوں میں پانی بھر گیا ہے اور آمد و رفت متاثر ہوئی ہے۔ x

### Karnatak LCA Twin Seater

ہندوستان ایرو نوٹکس لمیٹڈ ایچ اے ایل نے، دونشستوں والے LCA تیجس لڑاکا طیارے کو آج بھارتی فضائیہ کو سونپا۔ یہ طیارہ بنگلورو میں سیاحت اور دفاع کے مرکزی وزیرمملکت اجے بھٹ کی موجودگی میں بھارتی فضائیہ کو سونپا گیا۔

LCA تیجس سبھی موسموں میں استعمال ہونے والا کم وزن کا کثیر مقصدی طیارہ ہے۔

اس موقع پر دفاع کے وزیرمملکت اجے بھٹ نے کہا کہ آج یہ ایک تاریخی موقع ہے جب آتم نربھر بھارت کا نعرہ، دونشستوں والے تیجس کو تیار کر کے پورا کیا گیا ہے، جس میں جدید ترین خصوصیات موجود ہیں۔ ×

### Government Termeric Board

حکومت نے، ہلدی سے متعلق قومی بورڈ کی تشکیل کا اطلاع نامہ جاری کیا ہے۔ یہ بورڈ، ملک میں ہلدی اور اس کی مصنوعات کی ترقی اور فروغ پر توجہ دے گا۔ اس بورڈ سے ہلدی سے متعلق معاملات، اس سلسلے میں کی جانے والی کوششوں کے لیے ایک قیادت فراہم ہوگی اور ہلدی کے شعبے کی ترقی و فروغ میں مصالہ بورڈ اور دیگر سرکاری ایجنسیوں کے ساتھ مزید تال میل قائم ہو

سکے گا۔

نئ دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے ثقافت اور سیاحت کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈّی نے کہا کہ یہ بورڈ ہلدی سے متعلق بیداری اور اس کی کھپت میں ایک اہم رول ادا کرے گا اور عالمی سطح پر اس کی برآمدات میں اضافے کے لیے نئ منڈیاں تیار کرے گا۔×

## Parsbottam Ruapla Animal Day

ماہی پروری، مویشی پروری اور ڈیری صنعت کے مرکزی وزیر پرشوتم روپالا نے جانوروں کے ساتھ حساسیت برتے جانے پر زور دیا۔ جانوروں کے عالمی دن کے موقع پر آج نئ دلی میں بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ جانوروں اور فطرت کے تئیں لگاؤ، بھارتی تہذیب کا حصہ رہا ہے۔ جب کہ وزیر مملکت ڈاکٹر سنجیو بالیان نے کہا کہ جانوروں کی مدد کے لیے زمینی سطح پر ترقی کی ضرورت ہے۔×

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ بہار، جھارکھنڈ، مغربی بنگال، سکم اور شمالی اڈیشہ میں اگلے دو دنوں کے دوران تیز سے بہت تیز بارش کی صورتحال جاری رہے گی۔ اُس نے کہا ہے کہ ملک کے شمال مشرقی حصہ میں بھی اگلے تین دنوں کے دوران تیز سے بہت تیز بارش ہونے کی توقع ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ جنوب مغربی مانسون اتراکھنڈ، مغربی اترپردیش اور مغربی مدھیہ پردیش کے کچھ مزید حصوں اور راجستھان اور گجرات کے بقیہ علاقوں میں ختم ہو گیا۔ ×

## Asaina Games Day-II

چین میں جاری ہانگزو ایشیائی کھیلوں میں بھارتی کھلاڑیوں کی بہترین کارکردگی کا سلسلہ جاری ہے۔ مقابلوں کے گیارہویں دن آج بھارت نے 12 تمغے جیتے، جن میں سونے کے 3، چاندی کے 5 اور کانسے کے 4 تمغے شامل ہیں۔ تمغوں کی فہرست میں بھارت، مجموعی طور پر 81 تمغوں کے ساتھ چوتھے مقام پر ہے۔ ایشیائی گیمز میں بھارت کی اب تک کی سب سے بہترین کارکردگی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔

ایشیائی کھیلوں میں بھارت نے اب تک سونے کے 18، چاندی کے 31 اور کانسے کے 32 تمغے اپنے نام کئے ہیں۔ مردوں کے بھالا پھینکنے کے مقابلوں میں آج بھارت کے نیرج چوپڑہ نے سونے کا اور کشور جانا نے چاندی کا تمغہ جیتا۔ وہیں چار ضرب 400 میٹر دوڑ میں بھارت کے مرد کھلاڑیوں نے سونے کا اور خواتین کھلاڑیوں نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ بھارت کی جیوتی سُریکھا وینم اور اوجیس دیوتالے نے کمپاؤنڈ مکسڈ ٹیم تیراندازی کے فائنل میں ملک کیلئے سونے کا تمغہ جیتا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ایشیائی کھیلوں میں زبردست کارکردگی پر بھارتی کھلاڑیوں کو مبارکباد دی ہے۔ وزیر اعظم نے اگلے مقابلوں کیلئے بھارتی کھلاڑیوں کو نیک خواہشات بھی پیش کیں۔

شیوانی کشیپ کی رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی۔

بھارتی کھلاڑیوں کیلئے کل کا دن بھی اہم ہوگا۔

کل مردوں کے میراتھن کا فائنل، رولر اسکیٹنگ، Ju-Jithu اور کُشتی کے مقابلے ہوں گے۔ بھارتی کھلاڑیوں کا دستہ 100 تمغوں کے اپنے ہدف کیلئے کل نئ توانائی کے ساتھ اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ x

## Cricket world Cup

ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ عالمی کپ کل سے احمد آباد کے نریندر مودی کرکٹ اسٹیڈیم میں آغاز ہو رہا ہے۔ عالمی کپ کا پہلا میچ کل انگلینڈ اور نیوزی لینڈ کے درمیان کھیلا جائے گا۔

دونوں ہی ٹیمیں گزشتہ عالمی کپ کے فائنل میں پہنچی تھیں۔ اس بیچ بھارت میں کرکٹ کے انضباط کے بورڈ BCCI نے کوئی اختتامی تقریب منعقد نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بھارت اپنا پہلا میچ 8 اکتوبر کو چنئی کے MA چدمبرم اسٹیڈیم میں آسٹریلیا کے خلاف کھیلے گا۔ احمد آباد میں 14 اکتوبر کو بھارت کا مقابلہ روایتی حریف پاکستان سے ہوگا۔ اس میچ کا سبھی کرکٹ شائقین کو بے صبری سے انتظار ہے۔×

☆☆☆☆